كتاب فضائل الصحابة

تفہیمُ السُّنَّۃ

29

فضائلِ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(حصہ اوّل)

محمد اقبال کیلانی

حدیث پبلیکیشنز

كتاب فضائل الصحابة

29

تفہیم السنۃ

فضائلِ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(حصہ اوّل)

محمد اقبال کیلانی

حدیث پبلیکیشنز

2- شیش محل روڈ، لاہور، پاکستان

maktabaqudusia.com

فہرست

نمبر شمار	اَسْمَاءُ الْاَبْوَابِ	نام ابواب	صفحہ نمبر
1	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	10
2	فَضْلُ الصَّحَابَةِ فِيْ ضَوْءِ الْقُرْآنِ	فضائل صحابہ کرام رضی اللہ عنہم قرآن مجید کی روشنی میں	61
3	فَضْلُ الصَّحَابَةِ فِي التَّوْرَاةِ وَالْاِنْجِيْلِ	فضائل صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تورات اور انجیل کی روشنی میں	65
4	فَضْلُ الصَّحَابَةِ فِي السُّنَّةِ	صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے فضائل، سنت کی روشنی میں	67
5	فَضْلُ اَهْلِ الْبَيْتِ	اہل بیت کے فضائل	750
6	فَضْلُ الْمُهَاجِرِيْنَ	مہاجرین کے فضائل	78
7	فَضْلُ الْاَنْصَارِ	انصار مدینہ کے فضائل	83
8	فَضْلُ السِّتَّةِ مِنَ السَّابِقِيْنَ الْاَوَّلِيْنَ الْمَدَنِيِّيْنَ	چھ مدنی سابقون الاولون کے فضائل	88
9	فَضْلُ اَهْلِ بَيْعَةِ الْعَقَبَةِ الْاُوْلٰى	بیعت عقبہ اولیٰ میں شریک صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے فضائل	90
10	فَضْلُ اَهْلِ بَيْعَةِ الْعَقَبَةِ الثَّانِيَةِ	بیعت عقبہ ثانی میں شریک صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے فضائل	91
11	فَضْلُ اَهْلِ الْقُبَاءِ	قبا بستی والوں کے فضائل	100
12	فَضْلُ اَهْلِ الْبَدْرِ	اصحاب بدر کے فضائل	101
13	فَضْلُ اَهْلِ الْاُحُدِ	غزوہ احد میں شریک ہونے والوں کے فضائل	103
14	فَضْلُ اَهْلِ الْخَنْدَقِ	غزوہ خندق میں شریک ہونے والوں کے فضائل	106
15	فَضْلُ اَصْحَابُ الشَّجَرَةِ	اصحاب شجر رضی اللہ عنہم کے فضائل	108
16	فَضْلُ جَيْشِ الْعُسْرَةِ	غزوہ تبوک میں شامل ہونے والوں کے فضائل	111
17	فَضْلُ سَيِّدِنَا اَبِيْ بَكْرِ نِ الصِّدِّيْقِ رضی اللہ عنہ	حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے فضائل	114

maktabaqudusia.com

”اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ مُرَافَقَۃَ الصَّحَابَۃِ فِیْ اَعْلٰی جَنَّۃِ الْخُلْدِ“

”یا اللہ! ہم آپ سے سوال کرتے ہیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی رفاقت کا اعلیٰ اور ابدی جنت میں“

***

- حمد وثنا صرف اس اللہ کے لئے ...... جو اپنی ربوبیت، الوہیت اور صفات میں تنہا، بے مثال اور لاشریک ہے، جو رحمٰن اور رحیم ہے، ہادی اور رشید ہے۔
- حمد وثنا صرف اس اللہ کے لئے ...... جس نے اپنے بندوں کی ہدایت کے لئے اولاد اسماعیل سے کنانہ کو، کنانہ سے قریش کو، قریش سے بنو ہاشم کو اور بنو ہاشم سے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو چنا۔
- حمد وثنا صرف اس اللہ کے لئے ...... جس نے ساری دنیا میں سے عربوں کو اور عربوں میں سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی مقدس جماعت کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر سب سے پہلے ایمان لانے اور ان کی مدد کرنے کے لئے چنا۔
- اور ...... درود وسلام معلم اعظم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ...... جنہوں نے اپنے اصحاب کو ”کتاب“ کی تعلیم دی، حکمت سکھائی اور تزکیہ فرمایا۔

maktabequddusia.com

خیبر کا علم لہرایا۔

- ہمارے ماں باپ قربان گیارہ سالہ حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ پر جنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی گرفتاری کی خبر سن کر اپنی تلوار بے نیام کی اور قریشی سرداروں کو مرنے مارنے کے لئے نکل کھڑے ہوئے۔
- ہمارے ماں باپ قربان حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ پر جنہوں نے غزوہ اُحد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دفاع فرما کر ﴿مَنْ قَضٰى نَحْبَهٗ﴾ کا شرف پایا۔
- ہمارے ماں باپ قربان حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ پر جنہوں نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد سب سے پہلے برضا و رغبت منصب خلافت سے دست بردار ہو کر امت کے لئے مسئلہ خلافت کا حل آسان کر دیا۔
- ہمارے ماں باپ قربان حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ پر جنہوں نے حق و باطل کے پہلے عظیم الشان معرکہ میں مشرک باپ کو اپنے ہاتھوں جہنم رسید کیا۔
- ہمارے ماں باپ قربان حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ پر جن کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوہ احد کے دوران فرمایا ''میرے ماں باپ تجھ پر قربان!''
- ہمارے ماں باپ قربان حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ پر جن کی عزیمت و استقامت حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے کا سبب بنی۔
- ہمارے ماں باپ قربان حضرت بلال بن رباح رضی اللہ عنہ پر جنہوں نے مکہ کی چلچلاتی دھوپ میں بے سدھ پڑے ہوئے بھی اَحَدٌ اَحَدٌ کی گواہی دی۔
- ہمارے ماں باپ قربان حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ پر جنہوں نے دہکتے

maktabaqudusia.com

* ہمارے ماں باپ قربان حضرت ابو سلمہ رضی اللہ عنہ پر جنہوں نے ہجرت کے موقع پر اپنی پیاری رفیقہ حیات ۔۔۔ ام سلمہ رضی اللہ عنہا ۔۔۔ اور اپنے پیارے بیٹے ۔۔۔ سلمہ رضی اللہ عنہ ۔۔۔ کی محبت کو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت پر قربان کر دیا ۔۔۔۔۔۔۔ ﴿ رَضِیَ اللّٰہُ عَنۡھُم وَ رَضُوۡا عَنۡہُ ﴾

* اے ہمارے رب ......! تیرے پاکباز اور برگزیدہ بندوں کی یہ وہ مقدس جماعت ہے جن سے آپ راضی ہوئے اور وہ آپ سے راضی ہوئے، جن سے آپ محبت فرماتے ہیں اور وہ آپ سے محبت فرماتے ہیں۔

* اے ہمارے رب ......! ہم آپ کے بہت ہی گناہگار، عاجز اور حقیر بندے ہیں، لیکن آپ کے ان محبوب بندوں سے محبت کرتے ہیں ۔۔۔ اپنے والدین، اپنی اولاد اور دنیا کے تمام انسانوں سے بڑھ کر ۔۔۔ اور ان کے طریقہ پر جینا اور مرنا پسند کرتے ہیں۔

* پس اے ہمارے رب ! ہم آپ کی رحمت سے یہ امید رکھتے ہیں کہ جس طرح آپ نے دنیا میں ہمیں ان کی محبت عطا فرمائی ہے ان کے طریقہ پر چلنے کی توفیق عطا فرمائی ہے، اسی طرح قیامت کے روز آپ ہمارے گناہ معاف فرما کر ہمیں اپنے ان محبوب بندوں کے گروہ میں شامل فرمائیں گے اور اپنی نعمتوں بھری جنت میں ان کی رفاقت عطا فرمائیں گے۔

اِنَّکَ اَنۡتَ الۡغَفُوۡرُ الۡوَدُوۡدُ. ذُوالۡعَرۡشِ الۡمَجِیۡدِ. فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیۡدُ.
وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَصَحۡبِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ.

***

maktabaudduaa.com

② ''یہ (مال) ان مہاجرین کے لئے ہے جو اپنے گھروں اور مالوں سے نکالے گئے وہ اللہ کا فضل اور اس کی رضا چاہتے ہیں وہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی مدد کرتے ہیں یہی لوگ (ایمان میں) سچے ہیں۔'' (سورۃ الحشر آیت 8)

③ ''بلاشبہ اللہ ان ایمان والوں سے راضی ہو گیا، جنہوں نے درخت کے نیچے تیرے ہاتھ پر بیعت کی اللہ نے جان لیا جو کچھ ان کے دلوں میں تھا۔ پس اللہ نے ان پر سکینت نازل فرمائی اور بدلے میں انہیں قریبی فتح (خیبر) بھی عطا فرما دی۔'' (سورۃ الفتح آیت 18)

④ ''لیکن رسول اور جو لوگ اس پر ایمان لائے، اپنے مالوں اور جانوں سے جہاد کیا، انہی کے لئے بھلائی ہے اور وہی فلاح پانے والے ہیں۔ اللہ نے ان کے لئے ایسے باغات تیار کئے ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہیں اور وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے یہ بڑی کامیابی ہے۔'' (سورۃ التوبہ، آیت 88-89)

⑤ ''پس وہ لوگ جنہوں نے ہجرت کی اور اپنے گھروں سے نکالے گئے پھر میری راہ میں ستائے گئے پھر قتال کیا اور شہید کئے گئے۔ میں ان کے گناہ ضرور مٹاؤں گا اور انہیں ضرور ایسی جنت میں داخل کروں گا جس کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں یہ ان کے لئے ثواب ہے اللہ کی طرف سے اور اللہ کے پاس تو بہترین ثواب ہے۔'' (سورۃ آل عمران آیت 195)

ایسی ہی بہت سی دوسری آیات ہیں جن میں مہاجرین اور انصار کا نام لے کر اللہ تعالیٰ نے ان سے مغفرت اور جنت کا وعدہ فرمایا ہے اور ایسی آیات سے تو قرآن مجید بھرا پڑا ہے جن میں اہل ایمان کو مخاطب کر کے مغفرت اور جنت کا وعدہ فرمایا گیا ہے اور ان سے مراد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ہی ہیں کیوں کہ سب سے پہلے ''ایمان والے'' تو وہی خوش نصیب لوگ تھے مثلاً ﴿إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيرُ﴾ ترجمہ: ''بے شک وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل کئے ان کے لئے جنت ہے جس کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں اور یہ بہت بڑی کامیابی ہے۔'' (سورۃ البروج آیت 11) ﴿إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنَّاتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ۝﴾ ترجمہ: ''بے شک وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل کئے ان کی مہمانی کے لئے فردوس کے باغات ہوں گے۔'' (سورۃ الکہف، آیت 107)

اب فضائل صحابہ رضی اللہ عنہم کے بارے میں چند احادیث کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں:

① آپ ﷺ کا ارشاد مبارک ہے ''اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، اگر تم میں سے

maktabaqaudusia.com